

ہم ایسے والدین، ماہرینِ تعلیم، مزدور رہنما اور ٹیکس دہندگان کی حیثیت سے یہ مراسلہ تحریر کر رہے ہیں جو عوامی سطح پر سرمایہ کاری کی حامل تعلیم کے تحفظ اور فروغ کے لیے کوشاں ہیں۔

اونٹاریو نے دنیا کے بہترین تعلیمی سسٹمز میں سے ایک سسٹم تخلیق کیا ہے۔ اس سے ایسی نمایاں اصلاحات سامنے آئی ہیں جنہوں نے ہمارے طلباء اور صوبے کے لیے بہتر نتائج فراہم کیے ہیں۔

15 مارچ 2019 کو، وزیرِ تعلیم، لیزا تھامسن نے اس حقیقت کا پردہ چاک کیا جسے ڈگ فورڈ اور ان کی حکومت تعلیم کے لیے اپنے نئے عزم کا نام دے رہے ہیں۔

ان کا منصوبہ ہماری تمام تر پیش رفت کو خطرے سے دوچار کرتا ہے۔

ان کا منصوبہ اونٹاریو کے طلباء کی ضروریات کی تکمیل اور معاونت کی ناکامی ہے۔ یہ ہمارے بچوں، ان کے مستقبل اور ہماری معاشی فلاح و بہبود کی قدر و قیمت کو کم کرنےکا سوچا سمجھا اقدام ہے۔

یہ منصوبہ جماعت کے حجم میں اضافہ کرے گا، جس سے براہِ راست اساتذہ، ماہرینِ تعلیم اور معاون عملے کی جانب سے آپ کے بچے کو دیا جانے والا وقت محدود ہوجائے گا۔

ان کا منصوبہ آپ کے بچے کو کم از کم چار آن لائن کورسز کے حصول پرمجبور کرے گا، جس سے ماہرینِ تعلیم اور ساتھی طلباء کے ساتھ اس کی مشغولیت میں مزید کمی آجائے گی۔

مکمل دن پر مبنی کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک، تعلیم ایک سرمایہ کاری ہے جس کا بیش بہا ثمر مستقبل میں بہتر ملازمتوں، بہتر آمدنی اور زیادہ صحت مند صوبے کی صورت میں سامنے آتا ہے۔

فورڈ حکومت کی جانب سے اسکول بورڈز کے لیے تجویز کردہ تخفیف، عوامی سطح پر سرمایہ کاری کی حامل تعلیم کے نظام پر ایک اضافی بوجھ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خصوصیمہارت کے پروگرامزجیسے کہ پیشوں، فنون، خصوصی تعلیم کی جانب رہنمائی کرنے والے اور دیگر اہم پروگرامز (یعنی بین الاقوامی بیچلرز کی سند، اعلیٰ تر جائے تخصیص، خصوصی ذہانت کی حامل اور آؤٹ ڈور تعلیم) منسوخی کے خطرے سے دوچار ہوجائیں گے۔

فورڈ حکومت کی جانب سے اعلان کردہ تخفیفات کا مطلب ہوگا اونٹاریو کے ہر بچے کے لیے پہلے سے کم سہولیات۔ نتیجتاً:

- اساتذہ کے پاس اتنا وقت نہیں بچے گا کہ وہ جماعت میں اور جماعت سے باہر اُن طلباء کو معاونت فراہم کرسکیں جنہیں اضافی مدد اور رہنمائی درکار ہوتی ہے
- جوں جوں طلباء سسٹم کے ذریعے آگے بڑھیں گے، ان کے انتخاب کے لیے پہلے سے کم کورسز دستیاب ہوں گے
- رہنمائی فراہم کرنے والے مشیر، تعلیمی معاونین، خصوصی معالجین، ماہرِینِ نفسیات، سماجی کارکن، ابتدائی بچپن کے ماہرینِ تعلیم، اور تعلیمی ٹیم کے دیگر اہم ارکان تک رسائی محدود ہوگی
- اسکولوں میں غیر نصابی پروگرامز، کلبز، اور ٹیموں کے لیے رضاکارانہ طور پر اپنا وقت دینے والے نسبتاً کم ماہرین دستیاب ہوں گے
- خصوصی ضروریات کے حامل طلباء کی معاونت کے لیے بھی پہلے سے کم ماہرین دستیاب ہوں گے

حقیقی مالی ذمہ داری کا مطلب ہے ہمارے طلباء کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لیے سرمایہ کاری کی جائے۔ حقیقی مالی ذمہ داری کا مطلب اس بات کی یقین دہانی ہے کہ ہمارا تعلیمی نظام تمام طلباء کو کامیابی کے حصول کے مواقع فراہم کرنے کے قابل ہو۔ اس کا مطلب ہے تعلیمِ عامہ میں سرمایہ کاری کرنا، نہ کہ موجودہ سرمائے میں بھی تخفیف کردی جائے۔

ہم طلباء کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ آپ بھی ان کے ساتھ ہیں۔

ہماری ویب سائٹ **www.hereforstudents.ca** ملاحظہ کریں۔ ویب سائٹ کا جائزہ لیتے ہوئے، چند لمحے نکال کر اپنے ایم پی پی— کو ایک پیغام ارسال کریں جس میں انہیں بتائیں کہ آپ جماعت کے حجم میں اضافے اور پروگرامز میں تخفیف کی حمایت نہیں کرتے۔

Harvey Bischof، صدر
اونٹاریو سیکنڈری اسکول ٹیچرز فیڈریشن (OSSTF/FEESO)

Sam Hammond، صدر
ایلیمنٹری ٹیچرز فیڈریشن آف اونٹاریو (ETFO)

Rémi Sabourin، صدر
Association des enseignantes et des enseignantsfranco-ontariens (AEFO)

Liz Stuart، صدر
اونٹاریو انگلش کیتھولک ٹیچرز ایسوسی ایشن (OECTA)